**فوری ریلیز کے لیے:** 18/10/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

## گورنر HOCHUL نے برونکس میں 51$ ملین کے سستی رہائش کے ترقیاتی کام کی تکمیل کا اعلان کیا ہے

***ٹریمونٹ رہائش گاہوں سے ویسٹ فارمز میں 119 نئے باکفایت اپارٹمنٹس کا اضافہ ہوتا ہے، جن میں معاونتی خدمات والی 71 رہائش گاہیں شامل ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج برونکس کے ویسٹ فارمز علاقے میں 50.6$ ملین کے سستے رہائشی ترقیاتی کام، ٹریمونٹ رہائش گاہوں کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔ 119 اپارٹمنٹس پر مشتمل یہ ترقیاتی کام ان بے گھر لوگوں کو آن سائٹ خدمات فراہم کرے گا جنہیں خودمختار طور پر زندگی بسر کرنے کے لیے معاونت درکار ہے۔

"119 یونٹ والے اس ترقیاتی کام کی تکمیل کا مطلب یہ ہے کہ برونکس کے درجنوں رہائشیوں اور خاندانوں کو گھر کہلانے کے لائق ایک محفوظ، مستحکم جگہ اور ترقی کی منازل طے کرنے کے لیے انہیں جو محیط خدمات درکار ہیں، وہ ملیں گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ پروجیکٹ نہ صرف اعلیٰ معیار کی سستی ہاؤسنگ فراہم کرتے ہوئے بلکہ مضبوط، متحرک اور پائیدار کمیونٹیز بنانے کے ذریعے بھی ہمارے 25$ بلین کے رہائشی منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچاتا ہے۔"

ٹریمونٹ رہائش گاہیں، ہاؤسنگ کو مزید سستا، مساوی اور مستحکم بنانے کے لیے گورنر Hochul کے وسیع منصوبوں کی تکمیل کرتی ہیں۔ مالی سال 2023 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر نے 25$ بلین کا، ایک ایسا نیا پانچ سالہ، جامع ہاؤسنگ منصوبہ متعارف کروایا اور اسے کامیابی سے منظور کروایا ہے جو نیویارک بھر میں 100,000 کم قیمت گھروں کی تعمیر یا بحالی کرتے ہوئے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کرے گا، جس میں زدپذیر طبقات کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں کے علاوہ، 50,000 اضافی گھروں کو بجلی کی فراہمی بھی شامل ہے۔ ٹریمونٹ رہائش گاہیں 95 سٹوڈیو، ایک بیڈ روم والے 14، دو بیڈ روم والے 10 اپارٹمنٹس پر مشتمل ہیں جو ان گھرانوں کے لیے قابلِ دسترس ہوں گے جن کی آمدنی علاقے میں اوسط آمدنی کے 30 سے 60 فیصد کے درمیان ہے۔

ڈویلپرز، کیمبر پراپرٹی گروپ اور سلیٹ پراپرٹی گروپ نے، ویسٹھیب انکارپوریٹڈ کے ساتھ شراکت داری کی ہے کہ 71 گھرانوں کو آن سائٹ معاونتی خدمات فراہم کی جائیں جن کی فنڈنگ ریاست نیویارک کے دفتر برائے ذہنی صحت (New York State Office of Mental Health) کے زیرِ انتظام امپائر سٹیٹ کے معاونت پذیر ہاؤسنگ اقدام کے ایوارڈ کے ذریعے کی جائے گی۔ ان خدمات میں کیس کا انتظام، نوکری کے لیے تیاری، جگہ کا تعین، برقرار رکھنا، حوالہ جات، اور ذہنی صحت کی خدمات شامل ہیں۔ دفتر برائے ذہنی خدمات کی جانب سے امپائر سٹیٹ کے معاونتی ہاؤسنگ اقدام کی فنڈنگ کے تحت یونٹس کے لیے کرائے کی مراعات بھی شامل ہیں۔

نئی 11 منزلہ عمارت کی راہ ہموار کرنے کے لیے ایک خالی یک منزلہ ریٹیل عمارت کو منہدم کر دیا گیا تھا۔ ترقیاتی سہولیات میں رہائشیوں کے لیے سماجی خدمات کا ایک آفس سویٹ، مناظر سے بھرپور بیرونی تفریحی جگہ، کل وقتی سیکیورٹی، 1,300 مربع فٹ کا ایک کمیونٹی مقام، فٹنس سینٹر، کمپیوٹر لیب، مطالعے کا لاؤنج، بائیک جمع کروانے کی جگہ، اور ہر منزل پر لانڈری رومز شامل ہیں۔

ارضی منزل پر 6,500 مربع فٹ کمرشل جگہ ہے جو کسی تیسرے فریق کی ملکیت ہے اور فی الحال کرائے پر دستیاب ہے۔ یہ پروجیکٹ، مخلوط استعمال، بےتحاشا آمدورفت والے علاقے میں، طبی سہولیات، اسکولوں، خریداری کی جگہوں کے قریب، اور کروٹونا پارک اور برونکس پارک، بوٹانیکل گارڈن، اور فورڈھم یونیورسٹی سے پیدل مسافت پر واقع ہے۔

ٹریمونٹ رہائش گاہیں، انٹرپرائز گرین کمیونٹیز کے معیارات پر پوری اترتی ہیں اور اس میں انرجی سٹار کے آلات، سولر پینلز، پانی بچانے والی تنصیبات، کم VOC والی فنیشز، اور ملمع شدہ کھڑکیاں شامل ہیں۔ غیر موصل کاری اور چھت کے رنگ روغن اور مواد کو توانائی کی کفایت کے ساتھ ڈیزائن کیا گیا ہے۔

ٹریمونٹ رہائش گاہوں کے لیے ریاستی سرمائے میں ٹیکس سے مستقل چھوٹ کے بانڈز کی مد میں 8.4$ ملین، وفاقی کم آمدنی والے ٹیکس کریڈٹس جو 17.3$ ملین ایکویٹی کی مد میں فراہم کریں گے، اور ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (New York State Homes and Community Renewal) کی جانب سے 20.5$ ملین سبسڈی کی مد میں شامل ہیں۔ OMH معاونت پذیر ہاؤسنگ کے لیے سالانہ ESSHI آپریٹنگ فنڈنگ کی مد میں تقریباً 1.8$ ملین اور پروگرام ڈویلپمنٹ گرانٹ فنڈنگ کی مد میں کل 479,544$ فراہم کر رہا ہے۔

گزشتہ پانچ سالوں میں، ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نے 7,500 سے زیادہ سستے اپارٹمنٹس بنانے یا ان کے تحفظ کے لیے برونکس میں کثیر خاندانوں والی عمارتوں کی مد میں 1$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔

**ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "اپنے 119 سستے اپارٹمنٹس کے ساتھ 51$ ملین کی نئی ٹریمونٹ رہائش گاہیں برونکس میں معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے ریاست کے جاری عزم کا ایک ثبوت ہیں۔ گورنر Hochul کے ہاؤسنگ منصوبے کے ذریعے ہم جس بھی ترقیاتی کام میں سرمایہ کاری کرتے ہیں اس سے گردونواح کو احیاء اور مضبوطی حاصل ہوتی ہے اور رہائشیوں کو اس بورو میں باکفایت رہائش کے نئے مواقع میسر آتے ہیں جسے وہ اپنا گھر کہیں۔ ہمارے شراکت داروں کا شکریہ، کہ ٹریمونٹ رہائش گاہیں، 71 افراد کے لیے معاونت پذیر خدمات پیش کرتی ہیں جو اب بے گھر نہیں ہیں اور اس کی بجائے مزید مستحکم اور مفید مستقبل کی راہ پر گامزن ہیں۔"

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے ذہنی صحت کی کمشنر Ann Sullivan نے کہا** "ٹریمونٹ رہائش گاہوں کے یہ 71 معاونت پذیر ہاؤسنگ یونٹس ذہنی بیماری میں مبتلا افراد کو خیر مقدمی گھر، استحکام اور تحفظ فراہم کریں گے۔ ذہنی صحت کی خدمات فراہم کرنے کے علاوہ، تربیت یافتہ عملہ رہائشیوں کو روزگار تلاش کرنے اور برقرار رکھنے، اپنے مالی معاملات کا انتظام کرنے، معاونتی گروپس کے ساتھ رابطہ کرنے، اور اپنی تعلیم کو آگے بڑھانے میں مدد دے گا۔ مختصراً، رہائشیوں کو اپنی کمیونٹی میں بھرپور اور بامقصد زندگی گزارنے کا موقع دیا جائے گا۔ OMH کو HCR کے ساتھ شراکت داری کرنے اور ٹریمونٹ رہائش گاہوں کو اپنی معاونت فراہم کرنے پر فخر ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Luis R. Sepulveda نے کہا،** "برونکس کمیونٹی کا ہر نیا گھر ہمارے لیے خوشی لاتا ہے۔ ٹریمونٹ رہائش گاہیں محض ہاؤسنگ نہیں، یہ محض ایک عمارت نہیں ہے۔ آج میں ان کی افتتاحی تقریب میں موجود تھا اور ان کے کچھ رہائشیوں سے ایک ہی جملہ سنا کہ، 'اب میرے پاس ایک گھر ہے۔' بحیثیت سینیٹر میں ان پیش رفتوں کے عمل کی نمائندگی کرنے والی تمام باتوں کی وضاحت کر سکتا ہوں، میں یہ وضاحت بھی کرسکتا ہوں کہ یہ کتنی اہم بات ہے اور ہماری کمیونٹیز کو کس طرح بہتر بنانے کے لیے تبدیلی لا سکتی ہے، لیکن کسی شخص کے یہ کہنے پر کہ اس کے پاس ایک گھر ہے، میری خوشی اور اس کے اثرات کی اس سے بہتر کوئی وضاحت نہیں ہو سکتی۔ میں اس خواب کو حقیقت بنانے کے لیے تمام ذمہ دار لوگوں، سرکاری دفاتر اور نجی شعبے، اور خاص طور پر ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

**رکن اسمبلی Karines Reyes نے کہا،** "ٹریمونٹ رہائش گاہیں، اس نوعیت کی ہاؤسنگ کی ایک بہترین مثال ہیں جس کی ہمیں اس شہر میں زیادہ ضرورت ہے۔ سابقہ بے گھر افراد کے لیے مستقل اور سستی ہاؤسنگ فراہم کرنا زندگی کا ایک اہم جزو ہے جس تک کافی لوگوں کو رسائی حاصل نہیں ہے۔ کیمبر پراپرٹی گروپ، سلیٹ پراپرٹی

گروپ اور ویسٹہیب نے ایک ناقابل یقین کمیونٹی بنائی ہے جہاں ٹریمونٹ کے رہائشیوں کو اپنے گھر کا احساس ہو۔ سستی ہاؤسنگ کی وکالت کرتے ہوئے، میں پختہ یقین رکھتا ہوں کہ ہماری بورو اور ہمارے شہر میں، گھر کو ایک استحقاق کی بجائے، ایک معیار ہونا چاہیئے۔"

**برونکس بورو کی صدر Vanessa L. Gibson نے کہا،** "نیویارک کے ہر باشندے کو ایسی سستی، معیاری اور محفوظ ہاؤسنگ کا حق حاصل ہے جو ان کی زندگیوں میں ترقی لائے اور مضبوط کمیونٹیز تعمیر کرے۔ جب کہ ہم اپنے بے گھری کے موجودہ بحران سے نمٹنے کے لیے کام کر رہے ہیں، تو میں شکر گزار ہوں کہ ٹریمونٹ رہائش گاہیں ہمارے انتہائی زدپذیر رہائشیوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مخلوط استعمال کی معاونت پذیر ہاؤسنگ، محیط خدمات، اور سہولیات فراہم کریں گی۔ میں گورنر Hochul، ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید، ریاست نیویارک کے دفتر برائے ذہنی صحت، کیمبر پراپرٹی گروپ، سلیٹ پراپرٹی گروپ اور ویسٹہیب انکارپوریٹڈ کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی کہ انہوں نے ہماری بورو میں ہاؤسنگ کے عدم تحفظ میں کمی لانے کا عزم کیا ہے۔"

**نیویارک شہر کے رکن کونسل Rafael Salamanca نے کہا،** "ایک ایسے وقت میں جب سابقہ بے گھر افراد کے لیے شہر میں مستقل ہاؤسنگ کی ضرورت ایک نازک موڑ پر پہنچ چکی ہے، تو کمیونٹی کی جانب سے اس خبر کا بہت خیر مقدم کیا گیا ہے کہ نیویارک کے زدپذیر باشندوں اور کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے ٹریمونٹ رہائش گاہیں اپنے دروازے کھول رہی ہیں۔ جن باشندوں کو اضافی مدد کی ضرورت ہے ان کے لیے یونٹس کی 60 فیصد سے کم AMI پر کی جانے والی مارکیٹنگ اور محیط خدمات کے ساتھ ٹریمونٹ رہائش گاہیں نیویارک کے باشندوں کے لیے ایک نخلستان ثابت ہوں گی۔ میں کیمبر پراپرٹی گروپ، سلیٹ پراپرٹی گروپ اور ویسٹہیب انکارپوریٹڈ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ ان افراد اور خاندانوں کے لیے، کہ جو سب سے زیادہ ضرورت مند ہیں، باوقار سستی ہاؤسنگ کی تعمیر میں مسلسل شراکت داری کیے ہوئے ہیں۔"

**سلیٹ پراپرٹی گروپ کے شریک بانی اور صدر David Schwartz نے کہا،** "نیویارک کے باشندوں کو ترقی کی منازل طے کروانے کے لیے، ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ہو گا کہ انہیں اعلیٰ معیار کی سستی ہاؤسنگ اور ایسی معاونت پذیر خدمات اور وسائل تک رسائی حاصل ہو جس کے وہ مستحق ہیں اور جو ہمارے سب سے زیادہ زدپذیر گردونواح کی کامیابی میں مدد کر سکتے ہیں۔ ٹریمونٹ رہائش گاہیں ایسے نظریے کی ایک متاثر کن مثال ہیں۔ ہم دل کی گہرائیوں سے ویسٹہیب، کیمبر پراپرٹی گروپ، اپنے سرکاری شراکت داروں اور تمام مقامی رہنماؤں کو سراہتے ہیں جنھوں نے ان نئے گھروں اور خدمات کو حقیقت بنانے میں مدد کی۔ ہم ٹریمونٹ رہائش گاہوں کے نئے رہائشیوں کے شکر گزار ہیں جنھوں نے ہر اس چیز کو حقیقت کا روپ دیا ہے جو برونکس کو ایک متحرک، لچکدار کمیونٹی - خوش آمدیدی گھر بناتی ہے۔"

**کیمبر پراپرٹی گروپ کے صدر Rick Gropper نے کہا،** "ٹریمونٹ رہائش گاہیں شہری ذہن رکھنے والے ڈویلپرز اور سروس فراہم کنندگان کا ایک قابل ذکر تعاون ہے جو ان رہائشیوں کو انتہائی ضروری سستی ہاؤسنگ اور محیط معاونت پذیر خدمات فراہم کرتا ہے جن کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔" "ہمارے شہر کے ہر کونے کو ہاؤسنگ کے بحران کے حل کا حصہ بننا چاہیئے، اور مجھے فخر ہے کہ برونکس میں اتنے نئے سستے گھر بنانے کے لیے میں نے سلیٹ، ویسٹہیب، HCR، منتخب عہدیداروں اور دیگر کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کیا ہے۔"

**ویسٹہیب انکارپوریٹڈ کے صدر اور CEO Richard Nightingale نے کہا،** "ویسٹہیب کو ٹریمونٹ رہائش گاہوں کی ڈویلپمنٹ ٹیم کا حصہ بننے پر فخر ہے جو کمیونٹی کو اعلیٰ معیار کی مستقل سستی ہاؤسنگ کے 119 یونٹ فراہم کر رہی ہیں، جن میں سابقہ بے گھر گھرانوں کے لیے معاونت پذیر ہاؤسنگ کے مکمل جامع 71 یونٹس شامل ہیں۔ ویسٹہیب، کرایہ داروں کو مسلسل امدادی خدمات فراہم کرنے کے لیے پُرجوش ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے تمام رہائشی مستقل رہائش میں ترقی کریں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418